ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(491)

11-09-2023

**بہاولپور(          )وزیراعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈان کا سلسلہ جاری، گزشتہ 24 گھنٹے میں متعدد ملزمان گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد کرلی۔منشیات کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ضلع بھر کے ایس ایچ اوز کو سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کی گرفتاری کا ٹاسک دیا تھا،جس کے نتیجہ میں بہاولپور پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور ایکشن جاری ہے۔گزشتہ 24 گھنٹے میں 10 مقدمات درج رجسٹرڈ کئے ۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 327 لیٹر دیسی شراب، 01عدد چالو بھٹی، 03 کلو 860 گرام چرس، 20 گرام کرسٹل آئس برآمد کرلی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن کو مزید تیز کیا جائے۔منشیات مافیا کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی،خاص کر تعلیمی اداروں میں یہ فعل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔اس مہم میں تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مزید کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے جس کا بہاولپور سے خاتمہ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:وزیراعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن،متعدد ملزمان گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد کرلی

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ


پریس ریلیز(492)

11.09.23

**بہاول پور(    )پولیس پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ جاری۔ ماہ اگست 2023 میں کل 81325 ایمرجنسی کالز میں سے 70600 فیک اور غیر متعلقہ موصول ہوئیں،شہری صرف ایمرجنسی کی صورت میں 15 پر کال کریں تاکہ پولیس کی بروقت اور فوری امداد میسر ہوسکے،پولیس کی طرف سے کسی بھی سطح پر ریسپانس میں سستی یا غفلت پر محکمانہ احتسابی کارروائی ہوگی،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایات کے مطابق پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم بہاول پور پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے ساتھ سنٹرالائزڈ اور 24/7 انچارج محمد اقبال کی نگرانی میں ایکٹیو ہے۔ ماہ اگست 2023 میں پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم پر کل 81325 کالز موصول ہوئیں،جن میں 6023 کالز پر فوری امداد فراہم کی گئی،اسی طرح 2516 کالز پر شہریوں کی رہنمائی کی گئی جبکہ 70600 جھوٹ پر مبنی اور Repeated 2186 کالز موصول ہوئیں۔ٹریفک کیسز سے متعلق 132 کالز موصول ہوئیں،جس پر لوگوں کی امداد اور رہنمائی فراہم کی گئی۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ عوام ایمرجنسی صورتحال میں پکار 15 پر اطلاع دیتے ہیں،متعلقہ پولیس کی طرف سے بروقت ریسپانس ملے تو عوام کا پولیس پر اعتماد بھی بڑھ جاتا ہے جبکہ معاشرہ سنگین وارداتوں اور ان کی حساسیت سے بھی محفوظ ہوجاتا ہے،اگر متعلقہ پولیس بروقت رسپانس نہ کرے تو عوام کی طرف سے جہاں پر پولیس کے حوالے سے منفی تاثرات بڑھنا شروع ہوجاتے ہیں وہاں پر وارداتوں کے وقوع پذیر ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں،پولیس کا اولین فرض ہے کہ شہریوں کی جان و مال اور عزت و آبرو کا تحفظ کو یقینی بنائے۔شہریوں سے اپیل ہے کہ صرف سچ اور حقیقت پر مبنی اور ایمرجنسی صورت حال کے پیش نظر پکار 15 پر کال کریں تاکہ عوام الناس کو پولیس کی بروقت اور فوری امداد میسر ہوسکے اور سماج دشمن عناصر کو ان کے مذموم مقاصد میں کامیاب ہونے سے روکا جاسکے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: بہاولپور پولیس کی جانب سے پولیس پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ جاری

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(493)

مورخہ 11.09.23

**بہاولپور(                )ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ سول لائینز پولیس کی کامیاب کارروائی، بدنام زمانہ منشیات فروش شیرا گینگ کے کارندوں کو گرفتار کر کے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر لی۔ مقدمات درج، منشیات فروشوں کو انکے منطقی انجام تک پہنچایا جا کر بہاولپور کو منشیات فری زون بنایا جائے گا، ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی سماج دشمن عناصر کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات اور ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی سربراہی میں منشیات فروشوں کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ سول لائینز پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے بدنام زمانہ منشیات فروش شیرا جو کہ تھانہ صدر بہاولپور پولیس نے گرفتار کر کے چالان کیا تھا اس گینگ کے دیگر ساتھیوں کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 02 کلو 560 گرام چرس، 20 گرام کرسٹل آئس اور 01 کلو 550 گرام ہیروئن برآمد کر کے ملزمان کو بند حوالات کیا۔ تھانہ سول لائینز پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے گھناؤنے جرائم کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاؤن کرتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ منشیات فروشوں کو منطقی انجام تک پہنچا کر بہاولپور کو منشیات فری زون بنایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ سول لائینز پولیس کی کامیاب کارروائی، بدنام زمانہ منشیات فروش شیرا کے کارندے گرفتار کر کے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر لی